سیکشن (الف) برائے اردو میڈیم طلباء وطالبات

پرچہ: فزکس

سوال نمبر 1:- مندرجہ ذیل سوالات کیلئے درست جواب کا انتخاب کریں اور اپنا انتخاب یعنی (الف، ب، ج یا د) ہر جز کے سامنے دیئے ہوئے خالی خانہ میں لکھیں۔

(۱) برقی کرنٹ کی اکائی ــــــــ ہے۔
(الف) کیلون (ب) کنڈیلا (ج) مول (د) ایمپیئر

(۲) پنڈولم کی حرکت ــــــــ حرکت ہے۔
(الف) خطی (ب) گردشی (ج) ارتعاشی (د) ان میں کوئی نہیں

(۳) کونسا ویکٹر مقدار ہے؟
(الف) ہٹاؤ (ب) رفتار (ج) وقت (د) لمبائی

(۴) وہ طبعی مقدار جو گردشی اثر پیدا کرتا ہے۔
(الف) ٹارک (ب) قوت کا بازو (ج) زاویائی ولاسٹی (د) زاویائی موومنٹم

(۵) رداس دگنا ہونے پر مرکز مائل قوت ــــــــ ہو جاتی ہے۔
(الف) آدھی (ب) دوگنی (ج) تین گنی (د) چار گنی

(۶) مندرجہ ذیل میں کونسا N.m جیسا ہے۔
(الف) جول (ب) واٹ (ج) پاسکل (د) ہارس پاور

(۷) مندرجہ ذیل میں کونسا زیادہ لچکدار ہے۔
(الف) لکڑی (ب) ربڑ (ج) سٹیل (د) پلاسٹک

(۸) ہائیڈرالک بریک سسٹم ــــــــ پر کام کرتا ہے۔
(الف) پاسکل کا قانون (ب) ارشمیدس کا قانون (ج) ہک کا قانون (د) چارلس کا قانون

(۹) زمین کی کمیت ــــــــ کلوگرام ہے۔
(الف) 5.98×10^{22} (ب) 5.9×10^{23} (ج) 5.98×10^{24} (د) 5.98×10^{25}

(۱۰) درجہ حرارت 273 سینٹی گریڈ ــــــــ Fo کے برابر ہے۔
(الف) 0 (ب) 273 (ج) -459.40 (د) -500

(۱۱) شدید سردی میں جھیلیں منجمد ہو جاتی ہیں۔
(الف) تمام کے تمام (ب) اوپر برف نیچے پانی (ج) نیچے برف اوپر پانی (د) ان میں کوئی نہیں

(۱۲) ایس آئی نظام میں G (تجاذبی مستقل) کی قیمت ہے۔
(الف) 7.66×10^{11} (ب) 6.67×10^{-11} (ج) 60×10^{-11} (د) 666×10^{-11}

پرچہ: فزکس

نوٹ:- سیکشن (ب) اور سیکشن (ج) کیلئے کل وقت 2 گھنٹے اور 15 منٹ ہیں۔

سیکشن (ب) برائے اردو میڈیم طلباء وطالبات: نمبر: ۲۴

سوال نمبر II:- درج ذیل میں سے آٹھ اجزاء کے مختصر جوابات لکھیں ہر جزو کے نمبر برابر ہیں۔

(۱) معیاری اکائی کا کیا مطلب ہے؟ لمبائی، کمیت اور وقت کی اکائیوں کی تعریف لکھیں۔

(۲) حرکت سے کیا مراد ہے۔ حرکت کے اقسام کیا ہیں؟

(۳) نیوٹن کا پہلا قانون حرکت بیان کریں اور دو مثالیں دیں۔

(۴) سکیلر اور ویکٹر مقداروں کی تعریف لکھیں۔ ہر ایک کی مثالیں دیں۔

(۵) نیوٹن کا قانون تجاذب بیان کریں اس کا فارمولا اخذ کریں۔

(۶) طاقت کیا ہے؟ طاقت کی اکائی بیان کریں۔

(۷) کسی بے قاعدہ جسم کا مرکز ثقل کس طرح معلوم کیا جاتا ہے؟

(۸) سڑک کا بیرونی کنارہ اندرونی کنارے کے نسبت کیوں اونچا رکھا جاتا ہے؟

(۹) لیور کی تعریف لکھیں لیور کی تیسری قسم کی مختصر وضاحت کریں اور دو مثالیں دیں۔

(۱۰) ایک ہلکی سوئی پانی میں ڈوب جاتی ہے۔ لیکن ایک بڑا جہاز پانی میں تیرتا ہے کیوں؟

(۱۱) مبادلہ حرارت کا قانون مختصر بیان کریں۔

سیکشن (ج)

نوٹ:- کوئی سے تین سوالات کے جوابات تحریر کریں ہر سوال کے نمبر برابر ہیں۔

سوال III:- (الف) توازن کی تینوں حالتوں سے متعلق تفصیلی نوٹ لکھیں۔

(ب) 50 کلوگرام اور 25 کلوگرام کے دو اجسام ایک دوسرے سے 50 سینٹی میٹر کے فاصلہ پر ہیں اجسام کے درمیان قوت کشش معلوم کریں۔

سوال-IV (الف) S = Vit + 1/2 a t2 ثابت کریں۔

(ب) ایک گاڑی کی ولاسٹی 9m/s ہے 10 سیکنڈ بعد گاڑی کی ولاسٹی 36 m/s ہو جاتی ہے گاڑی کا اسراع معلوم کریں۔

سوال-V (الف) حرکی توانائی کی تعریف لکھیں۔ متحرک جسم کی حرکی توانائی کی مساوات اخذ کریں۔

(ب) ایک توپ سے 10 نیوٹن وزنی گولہ فائر کیا جاتا ہے گولے کی ولاسٹی 20 m/s ہے گولے کی حرکی توانائی کیا ہوگی؟

سوال-VI (الف) بلندی کے ساتھ ثقلی اسراع میں تبدیلی کو واضح کریں۔

(ب) لوہے کے مکعب نما ٹکڑے کا حجم 800cm3 ہے اس کو پانی میں ڈبویا گیا پانی کی کثافت $1gm/cm^3$ ہے۔

www.ilmkidunya.com